سوال

عورت کااپنے خاوند کی بغیر اجازت گھر سے نکلنے کا حکم

جواب

خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جانا السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ کیا عورت کسی خاص مقصد کے واسطےاپنے خاوند کی اجازت کے بغیر گھر سے باہر جا سکتی ہے ؟ خصوصا جب اس کا خاوند سخت ہو اور اسکو کسی قسم کی اجازت نہ دیتا ہو تو کیا وہ اپنے بیٹے / بیٹی کیساتھ جا سکتی ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال و علیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! خاوند کا بیوی پر یہ حق ہے کہ وہ (اکیلی یا کسی دوسرے کے ساتھ) گھر سے خاوند کی اجازت کے بغیر نہ نکلے ۔ شافعیہ اور حنابلہ کا کہنا ہے کہ : عورت کےلیےاپنے بیمار والد کی عیادت کےلیے بھی خاوند کی اجازت کے بغیر نہیں جا سکتی ، اور خاوند کو اس سے منع کرنے کا بھی حق ہے ۔ ۔ ۔ اس لیے کہ خاوند کی اطاعت واجب ہے تو واجب کو ترک کرکے غیر واجب کام کرنا جائز نہیں ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی